بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اعتکاف سے متعلق چند مسائل کا جواب

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

1: کیا مسجد کے امام کا اعتکاف بستی والوں کی طرف سے ادا ہو جائے گا؟

2: کیا اعتکاف میں بیٹھنے والا شخص مسجد کے وقف کردہ قرآن سے تلاوت کر سکتا ہے؟

3: کیا اعتکاف میں بیٹھنے والے شخص کے لیے اعتکاف کی جگہ پر پردوں سے باندھا ضروری ہے؟

**سائل: زین العابدین، کشمیر**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بالترتیب جوابات ملاحظہ ہوں:

(1): جی ہاں! ادا ہو جائے گا۔

(2): جی ہاں! کر سکتا ہے۔ مسجد وقف للہ ہوتی ہے، جب وقف مسجد میں اعتکاف کرنا جائز ہے تو اس میں رکھے ہوئے قرآن کریم پر تلاوت کرنا بھی جائز ہے۔ اشکال کی اس میں کیا بات ہے؟!

(3): اعتکاف کی جگہ پر پردے لٹکانا ضروری تو نہیں البتہ عبادت میں انہماک اور دلجمعی کے لیے معتکف اگر پردے لٹکانا چاہے تو لٹکا سکتا ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

**28-اپریل 2021ء**